یو۔ایم۔ٹی

# جہانِ ابلاغ



## مندرجات


1 سیمینار

2 معروف شخصیات کی آمد

3 نصابی وغیر نصابی سرگرمیاں

4 تقریبات



یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور

UMT Road, C-II, Johar Town, Lahore
www.umt.edu.pk | +92 42 111 300 200

# یوایم ٹی کے طلباء کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کریں۔مشعال ملک

- آزادی کشمیر کی مہم میں تیزی لانا ہوگی۔ڈاکٹر محمد اسلم
- کشمیری قیادت نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ڈاکٹر مغیث الدین شیخ

سکول آف میڈیا (یو ایم ٹی) میں کشمیری رہنما مشعال ملک تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔مشعال ملک نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شعبہ ابلاغیات کے طلبا مسئلہ کشمیر کو دنیا بھر میں اجاگر کرنے کے لئے سوشل میڈیا کا بھرپور استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ طلبہ اس مقصد کیلئے سوشل میڈیا سے وڈیو، آڈیو، تصاویر اور تحریر کے ذریعے بھارتی مظالم اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کے پیغام کو اقوام عالم تک پہنچائیں۔آپ کی یہ کوشش ہمارے موقف کی تائید میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ **دوایٹمی طاقتوں کے مابین یہ مسئلہ دنیا بھر کی تباہی کا باعث بن سکتا ہے**۔تقریب کے آغاز میں کشمیری رہنما کو ان کی کاوشوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سکول آف میڈیا کے **ڈین ڈاکٹر مغیث الدین شیخ نے کہا کہ مشعال ملک اس دور کی اہم کشمیری رہنما ہیں** اور ہم اپنے طلبا میں ان کی جدوجہد اور نظریہ کو پروان چڑھائیں گے۔تقریب کے آخر میں یونیورسٹی کے ریکٹر **ڈاکٹر محمد اسلم** نے **مہمان خصوصی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہمیں کشمیر کیلئے مہم چلانا ہو گی اور ہم جلد کشمیر کو آزاد دیکھیں گے**۔قبل ازیں مشعال ملک نے صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں دونوں شخصیات نے باہمی تعاون کے فروغ اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق اُن کا ساتھ دینے پر اتفاق کیا۔







# میڈیا کے شعبے میں کامیابی کیلیے مطالعہ اور محنت ضروری ہے۔علی میر

کامیڈی اداکار اور ٹی وی اینکر علی میر نے سکول آف میڈیا یوایم ٹی کے منعقدہ پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ان کے ساتھ دیگر مہمانوں میں پروگرام خبرناک کے ڈائریکٹر سہیل شیخ ،نعمان اور محمد مرتضی بھی شامل تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی میر نے کہا کہ پروفیسر مغیث الدین شیخ جدید صحافت کے معمار ہیں انہوں نے انگنت ہونہار طلباء تیار کیے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مختلف شعبہ جات میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ نقالی ایک فن ہے ،میڈیا میں جگہ بنانے کیلئے مطالعہ اور محنت ضروری ہے۔مطالعہ طلبہ کی ذہنی وفنی نشونما کے لئے سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے اس لیے طلبہ کو چاہیے کہ وہ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ لائبریری میں بھی وقت گزاریں اور اپنے اندر نکھار پیدا کریں۔ڈاکٹر مغیث نے کہا موجودہ دور میں سیاست کے ساتھ ساتھ تنقیدی اور ہلکے پھلکے مزاحیہ پروگرام ٹی وی انڈسٹری کے لئے تازہ ہوا کا جھونکا ہیں۔ یہ پروگرام تنقید کے ساتھ ساتھ تعمیری اصلاح بھی سرانجام دیتے ہیں اور دیکھنے والے محظوظ بھی ہوتے ہیں۔تقریب میں ڈی جی یو ایم ٹی عابد شیروانی نے خصوصی شرکت کی ۔بعدازاں مہمانوں کے اعزاز میں ڈین آفس میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔






## سکول آف میڈیا میں ویلکم پارٹی کا انعقاد



ڈین سکول آف میڈیا سٹڈیز پروفیسر مغیث الدین شیخ نے نئے فیکلٹی اور سٹاف ممبران کو خوش آمدید کہنے کے لئے ویلکم پارٹی کا اہتمام کیا۔ یہ تقریب ڈین آفس میں منعقد ہوئی جہاں دیگر فیکلٹی ممبران اور سٹاف نے شرکت کی۔ پروفیسر ڈاکٹر مغیث الدین شیخ نئے آنے والے اساتذہ لیکچرر سجاد حسین، صدف زبیر، سینئر آفیسر ارم محبوب اور آفیسر ثمرین عامر کو خوش آمدید کہا اور مبارکباد پیش کی، اس موقع پر انھوں نے ریسرچ ایسوسی ایٹ فراحت علی کو بھی الوداع کیا اور زندگی کے نئے سفر پر کامیابیاں سمیٹنے کی اُمید ظاہر کی۔

## سکول آف میڈیا۔ ایلومینائی ظہرانہ

**ایلومینائی ہماری اثاثہ ہیں۔ پاس آؤٹ طلبہ کو ملازمتوں کی فراہمی میں مدد کریں گے۔ ڈاکٹر مغیث الدین شیخ**

سکول آف میڈیا نے پہلی بار یو ایم ٹی میں اپنے تمام سابقہ طلباء کو مدعو کیا۔ اور ان کے اعزاز میں یونیورسٹی کی طرف سے ظہرانے کا اہتمام بھی کیا گیا۔ یہ تقریب سیمینار ہال یو ایم ٹی میں منعقد ہوئی۔ ڈین سکول آف میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز پروفیسر مغیث الدین شیخ ایلومینائی کے میزبان تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا ایلومینائی ہماری یونیورسٹی کا اثاثہ ہیں، پاس آؤٹ طلبہ کیلئے ملازمتوں کی فراہمی اور معلومات کیلئے ایمپلائمنٹ کمیٹی کی تشکیل اور ضرورتمند طلباء کیلئے سکالرشپ کمیٹی قائم کی گئی ہے جو ضرورت مند طلبہ کو ملازمت بارے معلومات فراہم کرتی رہے گی۔ گروپ ڈائریکٹر یو ایم ٹی شفیق اوکیلی اور ڈائریکٹر ایکسٹرنل افیئر زرانا افتخار احمد نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ اپنے کلاس فیلوز کے ہمراہ ڈین اور فیکلٹی کے ساتھ گھل مل گئے اور تصویریں بنوائیں۔









## منیبہ افتخار کی کتاب "ثقافتی میڈیا" کی رونمائی

ڈین ایس ایم سی ایس پروفیسر مغیث الدین شیخ نے مصنفہ منیبہ افتخار کی کتاب ''ثقافتی میڈیا'' کی تقریب رونمائی میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور کتاب پر اپنا تبصرہ پیش کیا۔تقریب مقامی ہوٹل رائل پام میں منعقد ہوئی جس میں صحافیوں کی بڑی تعداد اور دیگر شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔








## لاہور پریس کلب میں سیمینار/ علم کے بنا کامیابی ناممکن ہے۔ ڈاکٹر مغیث الدین شیخ

ڈاکٹر مغیث الدین شیخ کی گفتگو پیشہ ور صحافیوں کے لیے مشعل راہ ہے۔صدر پریس کلب ارشد انصاری




ڈین سکول آف میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز نے لاہور پریس کلب کی جانب سے منعقدہ سیمینار میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اینکر پرسن کے پاس وسیع مواد ہونا چاہیے جس عنوان یا موضوعات پر اینکر پرسن پروگرام کر رہا ہو اس کے ساتھ اسے حالات حاضرہ سے بھی مکمل آگاہی ہو۔اینکر کے ساتھ ساتھ پروگرام پرڈیوسرز کو بھی اس موضوع کے متعلق مکمل علم اور تجربہ ہونا چاہیے۔**انہوں نے مزید کہا کہ لاہور پریس کلب میں ایک لائبریری کا قیام کیا جانا چاہیے** جس سے پیشہ وارانہ معاملات میں گہری دلچسپی کے ساتھ مطالعہ میں بھی اضافہ ہو۔مشہور ٹی وی فنکار علی میر، اینکر پرسن عائشہ بخش ، صدر پریس کلب ارشد انصاری، کرکٹر محمد حفیظ اور ٹی وی اینکر افتخار احمد نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے لئے پروفیسر ڈاکٹر مغیث الدین کی شرکت باعث افتخار ہے۔

## نیوز نائٹ ''سائنس اور روحانیت'' / جدید نصاب سے ہی دنیا کا مقابلہ ممکن ہے۔ڈاکٹر مغیث الدین شیخ

ڈین ایس ایم سی ایس پروفیسر مغیث الدین شیخ نے پاکستان ٹیلی ویژن کے پروگرام نیوز نائٹ میں ''سائنس اور روحانیت'' کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔پروفیسر مغیث الدین شیخ نے القادر یونیورسٹی کے قیام کے اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ سب سے اہم کام اس کے نصاب کو ترتیب دینا ہے۔کیونکہ ایسا نصاب نہ ہو جس سے جدت پسند طبقہ کو جگ ہنسائی کرنے کا موقع ملے اور نہ ہی معاشرتی خلفشار پھیلے۔انہوں نے کہا کہ برصغیر کے لوگوں کو دو طرح کے طبقات میں تقسیم کیا گیا ہے یا تو وہ صرف مذہب کی بات کرتے نظر آتے ہیں یا وہ صرف جدید سائنسی علوم سے بہرہ مند ہیں۔اس یونیورسٹی کے انعقاد سے ہمیں قرآن و حدیث کی روشنی میں زندگی گزارنے میں مدد ملے گی۔

## طلباء کا شاہی قلعہ لاہور کا تعلیمی و تفریحی دورہ

ڈین سکول آف میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز پروفیسر مغیث الدین شیخ کی ہدایت پر ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز سجاد حسین اور لیکچرر اقراء سعید کی راہنمائی میں شاہی قلعہ، اقبال پارک اور بادشاہی مسجد لاہور کا تعلیمی دورہ کرایا گیا۔ طلبا کو تاریخی مقامات کی سیر کروانے کے ساتھ ساتھ انہیں ان مقامات کے حوالے سے مکمل آگاہی فراہم کی گئی۔ طلبہ اس تعلیمی دورہ سے محظوظ ہوئے۔



## سابقہ ٹیسٹ کرکٹر عبدالرزاق کی یو ایم ٹی آمد



سابقہ پاکستانی ٹیسٹ کرکٹر عبدالرزاق نے ڈین سکول آف میڈیا اینڈ کمیونیکیشن سٹڈیز پروفیسر مغیث الدین شیخ سے ان کے آفس میں ملاقات کی اور ''میرا پاکستان'' شو کے حوالے سے ڈین کی طرف سے یونیورسٹی میں کیے گئے انتظامات کا شکریہ ادا کیا۔

## بنیادی انسانی حقوق اور قیادت کی ذمہ داری



سکول آف میڈیا کی جانب سے **''بنیادی انسانی حقوق اور قیادت کی ذمہ داری'** کے عنوان سے سیمینار منعقد کیا گیا جس میں کالم نگار سلمان عابد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور قرآن و حدیث کی روشنی میں بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور شہریوں کے درمیان معاہدہ طے ہے کہ ریاست شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے اور شہری ریاست کے مفادات کا تحفظ کرتے ہیں۔ انہوں نے خواتین اور بچوں کے حقوق کو گفتگو کا بنیادی موضوع بنایا۔ پر۔ ڈاکٹر مغیث نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کے حقوق پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ نہ تو وہ احتجاج کرتے ہیں اور نہ ہی کسی این جی او کے پاس خود سے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر مغیث نے تقریب کے اختتام پر ناظرین اور مہمان خصوصی کا شکریہ ادا کیا۔